* 0000800000001 *

Cambridge Assessment International Education

# Cambridge O Level

CANDIDATE NAME

CENTRE NUMBER

CANDIDATE NUMBER

**FIRST LANGUAGE URDU** **3247/01**

Paper 1 Reading and Writing **May/June 2025**

**1 hour 30 minutes**

You must answer on the question paper.

No additional materials are needed.

**INSTRUCTIONS**
- Part 1: answer **all** questions in **Urdu**.
- Part 2: answer **one** question in **Urdu**.
- Use a black or dark blue pen. Do **not** use an erasable pen or correction fluid.
- Write your name, centre number and candidate number in the boxes at the top of the page.
- Write your answer to each question in the space provided.
- Do **not** write on any bar codes.
- Dictionaries are **not** allowed.

**INFORMATION**
- The total mark for this paper is 50.
- The number of marks for each question or part question is shown in brackets [ ].

**ہدایات**
- حصہ 1: **تمام** سوالوں کے جوابات **اردو** میں لکھیے۔
- حصہ 2: کسی **ایک** سوال کا جواب **اردو** میں لکھیے۔
- کالا یا گہرا نیلا قلم استعمال کیجیے۔ کریکشن فلوئڈ یا سیاہی مٹانے والا قلم استعمال **مت کریں**۔
- اپنا نام سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر اس صفحے پر اوپر کی جانب دی گئی جگہوں پر لکھیے۔
- ہر سوال کا جواب دی گئی جگہ پر لکھیے۔
- کسی بھی بار کوڈ پر **مت لکھیے**۔
- لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**معلومات**
- اس پرچے کے لیے کل مارکس 50 ہیں۔
- اس پرچے میں دیے گئے ہر سوال یا اس کے کسی حصے کے مارکس بریکٹ میں دیئے گئے ہیں [ ]۔

This document has **12** pages. Any blank pages are indicated.

NL 345208/1
© UCLES 2025

## Part 1 Reading

سوال نمبر 1: مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھیے پھر دیے گئے سوالوں کے جواب جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

### موضوع: دستکاریاں

ایسی چیزیں جو عموماً لوگ اپنے ہاتھوں یا بنیادی اوزاروں کی مدد سے بناتے ہیں انہیں دستکاریاں کہا جاتا ہے۔ کچھ ممالک میں لوگ دستکاریوں کو مشغلے کے طور پر اپناتے ہیں جب کہ پاکستان جیسے ممالک میں انہیں ایک خاندانی پیشہ سمجھا جاتا ہے اور دستکاریوں کا فن ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتا ہے۔ دستکار اپنے بچوں کو بچپن سے ہی اسی کام پر لگا دیتے ہیں تاکہ وہ اپنے خاندانی پیشے سے جڑے رہیں۔ اس لیے یہ کہنا بجا ہے کہ دستکاریاں پاکستانی ثقافت کا ایک اہم حصہ ہیں۔

ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں دستکاریاں عام طور پر گھروں کے علاوہ چھوٹی دکانوں میں بھی تیار کی جاتی ہیں۔ ان پر زیادہ سرمایہ کاری نہیں کرنا پڑتی۔ دستکاریاں ہر وقت تیار ملتی ہیں اس لیے خریداروں کو ان کے تیار ہونے کا انتظار نہیں کرنا پڑتا۔ گھر کی سجاوٹ کرنی ہو یا کسی کو تحفہ دینا ہو تو دستکاریاں مناسب قیمت پر دستیاب ہوتی ہیں۔ ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق دستکاری اس جدید دور میں بھی ایک کامیاب کاروبار ہے۔

پشاوری چپل بنانے والے معین خان کا کہنا ہے "انہیں اپنا کام بہت پسند ہے کیونکہ یہ ان کا خاندانی پیشہ ہے۔ ان کی بنائی ہوئی پشاوری چپل دنیا بھر میں پسند کی جاتی ہے جس پر انہیں بہت فخر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا کاروبار روز بروز ترقی کر رہا ہے"۔ وقت کے ساتھ ساتھ پشاوری چپل کے ڈیزائن تو بدلتے رہے لیکن ان کے معیار میں انہوں نے کبھی فرق نہیں آنے دیا۔

ایک گھریلو خاتون عاصمہ مغل کے مطابق دستکاری کا کام کرنے سے لوگ اپنی مرضی کے اوقات میں اور اپنے گھر کی سہولتوں میں رہ کر کام کر سکتے ہیں۔ خاص طور پر ہمارے معاشرے کی بہت سی خواتین کے لیے یہ کام بہت مددگار ثابت ہوا ہے جو چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں۔

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

ملتان میں اونٹ کی کھال سے خوبصورت ٹیبل لیمپ بنانے والے حامد قریشی کی رائے میں دستکاریوں کا مستقبل روشن ہے تاہم حکومت کو دستکاریوں کی ترقی کے لیے کچھ اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر کاریگروں کو خام مال سستی قیمتوں پر دینے کا بندوبست کیا جائے۔ اسکولوں اور کالجوں میں طلبا کو دستکاریاں سکھائی جائیں۔ بڑے بڑے شہروں میں مختلف علاقوں کی دستکاریوں کی نمائشیں لگائی جائیں۔

یوں تو پاکستانی ثقافت میں دستکاریوں کو ایک خاص مقام حاصل ہے لیکن دستکاروں کو معاشرے میں کچھ زیادہ عزت نہیں ملتی۔ دستکاروں کو عام طور پر ان کے کام کی بہت کم اجرت ملتی ہے۔ حکومت کی طرف سے بھی انہیں کوئی مالی مدد نہیں دی جاتی۔ اکثر دستکار مالی پریشانی کے باعث اپنے بچوں کو بچپن ہی سے دستکاری کے کام میں لگا دیتے ہیں جس سے بچے تعلیم سے محروم ہو جاتے ہیں۔ جب تک ان مسائل کا حل تلاش نہیں کر لیا جاتا تب تک نئی نسل اس قیمتی فن سے دور ہوتی رہے گی۔

© UCLES 2025

مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب اردو میں جہاں تک ممکن ہو سکے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

[ہر سوال کے بعد مارکس لکھ دیے گئے ہیں]

**Question 1**

(i) پہلے پیراگراف کے مطابق دستکاریوں کو پاکستانی ثقافت کا حصہ کیوں سمجھا جاتا ہے؟ تین باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[3] ..........................................................................................................................................

(ii) پاکستان میں دستکاریوں کی کامیابی کے پیچھے کیا راز ہے؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4] ..........................................................................................................................................

(iii) معین خان اپنے دستکاری کے پیشے کے بارے میں مثبت سوچ کیوں رکھتے ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

[4] ..........................................................................................................................................

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

(iv) بدلتے ہوئے وقت کے ساتھ چپلوں کی تیاری کے بارے میں معین خان کیا کہتے ہیں؟ دو باتیں لکھیے۔

.......................................................................................................................................

[2] .................................................................................................................................

(v) عاصمہ کے مطابق دستکاری کے کام سے کسے فائدہ پہنچتا ہے اور کیوں؟ چار باتیں لکھیے۔

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

[4] .................................................................................................................................

(vi) حامد قریشی نے اسکولوں اور کالجوں کے بارے میں کیا تجویز دی ہے اور کیوں؟ دو باتیں لکھیے۔

.......................................................................................................................................

[2] .................................................................................................................................

(vii) حامد قریشی کے مطابق اسکولوں اور کالجوں کے علاوہ حکومت کو کیا اقدامات کرنے چاہییں؟ دو باتیں لکھیے۔

.......................................................................................................................................

[2] .................................................................................................................................

(viii) نئی نسل کو دستکاریوں کی طرف راغب کرنے کے لیے کون سی چیزیں اہم ہیں؟ چار باتیں لکھیے۔

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

.......................................................................................................................................

[4] .................................................................................................................................

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

## Part 2 Writing

مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 300–400 الفاظ پر مشتمل اردو میں ایک مضمون لکھیے۔

**Question 2**

(i) **دلیل**

کیا سوشل میڈیا کے استعمال سے معاشرے میں بہتری آئی ہے؟

[25]

(ii) **بحث**

صرف متوازن غذا ہی صحت کے لیے ضروری ہے۔

[25]

(iii) **تفصیل**

اپنے علاقے کے کسی تہوار کا آنکھوں دیکھا حال لکھیے۔

[25]

(iv) **بیان**

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ چاندنی رات میں دریا کے کنارے چلتے ہوئے مجھے احساس بھی نہیں ہوا کہ میں گھر سے کتنی دور آ گیا ہوں۔ اچانک مجھے اپنے پیچھے کسی کے چلنے کی آواز سنائی دی ــــــــــــــــــــــــــــــــــــــــ۔ کہانی مکمل کریں۔

[25]

**نوٹ: حصہ دوم کے سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب پرچے کے صفحات 7, 8, 9 پر لکھیے۔**

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

© UCLES 2025

BLANK PAGE

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

BLANK PAGE

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

© UCLES 2025

BLANK PAGE

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge Assessment International Education Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cambridgeinternational.org after the live examination series.

Cambridge Assessment International Education is part of Cambridge Assessment. Cambridge Assessment is the brand name of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is a department of the University of Cambridge.



DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN
DO NOT WRITE IN THIS MARGIN